| Narration | Time |
|---|---|
| Blocks in Admin's Dashboard سے متعلق Spoken Tutorial میں آپ کا استقبال ہے۔ | 00:01 |
| اس ٹیوٹوریل میں، ہم سیکھیں گے blocks : کو کیسے شامل کریں اور حذف کریں اور Front page مرتب کریں۔ | 00:08۔ |
| اس ٹیوٹوریل کو ریکارڈ کرنے کے لئے، میں: اوبنٹو لینکس OS 16.04 | 00:18۔ |
| XAMPP 5.6.30 سے اخذ کردہ Apache, MariaDB اور PHP، | 00:26 |
| Moodle 3.3 اور Firefox ویب براؤزر استعمال کر رہا ہوں | 00:35۔ |
| آپ اپنی پسند کا کوئی بھی ویب براؤزر استعمال کر سکتے ہیں۔ تاہم، انٹرنیٹ ایکسپلورر کا استعمال نہ کریں، کیونکہ اس سے کارکردگی میں کچھ تضادات پیدا ہو سکتے ہیں۔ | 00:41 |
| اس ٹیوٹوریل کے سیکھنے والوں کو Admin's dashboard کا بنیادی علم ہونا چاہئے۔ اگر نہیں تو، اس ویب سائٹ پر پچھلے 'موڈل' ٹیوٹوریل کو دیکھیں | 00:54 |
| براؤزر پر جائیں اور اپنی موڈل سائٹ کھولیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ XAMPP service چل رہی ہے۔ | 01:08 |
| اپنے admin username اور password کے ساتھ لاگ ان کریں۔ | 01:17 |
| اب ہم Admin's dashboard پر ہیں۔ | 01:22 |
| یاد کریں، بلاکس مخصوص مقاصد یا معلومات کو پیش کرتے ہیں۔ اور موڈل کے تمام پیجس پر پائے جاتے ہیں۔ | 01:26 |
| آیئے اب سمجھیں کہ ہم Moodle Blocks کے ساتھ کس طرح کام کر سکتے ہیں۔ | 01:38 |
| یہ استعمال کردہ theme پر منحصر ہے کہ بلاکس دائیں یا دونوں طرف ہو سکتے ہیں۔ | 01:44 |
| بلاکس میں وہ معلومات ہوتی ہے جو ہم چاہتے ہیں کہ لوگ دیکھیں، جب بھی لاگ ان ہوں۔ | 01:52 |
| موڈل میں یہاں بہت ساری قسم کے بلاکس دستیاب ہیں اور انہیں ہماری ترجیحات کے مطابق آسانی سے منتقل یا ترتیب وار کیا جا سکتا ہے۔ | 01:58 |
| اب ہم اپنے dashboard میں کچھ blocks شامل کریں گے۔ | 02:09 |
| پیج کے بائیں جانب navigation menu پر کلک کریں۔ | 02:14۔ |
| ڈیش بورڈ کے دائیں جانب Customise this page بٹن پر کلک کریں۔ | 02:19۔ |
| نوٹ کریں کہ ایک نیا مینو آئٹم Add a block ظاہر ہوتا ہے۔ Add a block پر کلک کریں۔ | 02:26 |
| ایک نئی پاپ اپ ونڈو کھل گئی۔ ہم جس قسم کے بلاک کو شامل کرنا چاہتے ہیں اسے منتخب کرنے کی ضرورت ہے۔ | 02:35 |

| | |
|---|---|
| 02:43 | مثال کے طور پر، Messages پر کلک کریں۔ آپ دیکھ سکتے ہیں کہ اب میسیجس کا بلاک ڈیش بورڈ پر ظاہر ہوتا ہے۔ |
| 02:53 | ابھی کوئی میسیج نہیں ہے۔ |
| 02:56 | ڈفالٹ طور پر، تمام نئے بلاکس دائیں کالم میں شامل کر دیئے جاتے ہیں۔ |
| 03:02 | دوسرا block شامل کریں۔ بائیں طرف Add a block پر کلک کریں۔ |
| 03:09 | menu types کی فہرست سے HTML منتخب کریں۔ HTML block وہ بلاک ہے جہاں کوئی اپنی مرضی کے مطابق HTML لکھ سکتا ہے۔ |
| 03:19۔ | اس کا استعمال کرتے ہوئے ہم widgets کو embed کر سکتے ہیں جیسے لا Library widgets, News feeds, Twitter, Facebook وغیرہ۔ |
| 03:30 | اب غور کریں کہ NEW HTML BLOCK ذیل میں Messages block میں شامل ہو گیا ہے۔ |
| 03:37 | HTML block میں گیئر آئیکون پر کلک کریں۔ پھر Configure (NEW HTML BLOCK) block پر کلک کریں۔ |
| 03:46 | Configure HTML block کے 3 حصے ہیں: Block settings , Where this block appears اور On this page۔ |
| 03:57 | پہلے حصے کو ڈفالٹ طور پر بڑھایا جاتا ہے۔ |
| 04:02 | تمام حصوں کو پھیلانے کیلئے، Expand all پر کلک کریں۔ |
| 04:07 | Block title میں، "Things to do" ٹائپ کریں۔ |
| 04:12 | اب Content کا علاقہ میں آیئے اس admin user کے لئے کچھ کام شامل کریں۔ |
| 04:19۔ | درج ذیل کو ٹائپ کریں : Create a new course, Create new users, Add users to the course |
| 04:30 | editor ایک HTML editor ہے اور کسی دوسرے word processor یا editor کی طرح استعمال کیا جا سکتا ہے۔ |
| 04:39 | Where this block appears کے تحت آپشنس دیکھنے کیلئے نیچے سکرول کریں۔ |
| 04:45 | Default region میں، Content منتخب کریں۔ Default weight میں، (minus ten) 10- منتخب کریں۔ |

| | |
|---|---|
| اس بلاک کا وزن جتنا کم ہوگا، اس خطے میں زیادہ اُنچائی پر دکھائی دے گا۔ (minus ten) 10- سب سے کم ہے | 04:54 |
| 10- کو منتخب کر کے، میں اس بات کو یقینی بنا رہا ہوں کہ یہ content خطے کے اوپری حصے میں ہے۔ | 05:03 |
| یہ بلاک Admin’s dashboard پر ظاہر ہوگا۔ | 05:12 |
| اب “On this page” کے حصے پر آئیں۔<br>یہ وہ جگہ ہے جہاں آپ اس پیج کی تشکیل کی وضاحت کر سکتے ہیں جہاں یہ block شامل کیا گیا تھا۔ | 05:17 |
| ہمارے معاملے میں یہ dashboard ہے۔ یہ کنفگریشن مذکورہ بالا سیکشن میں ڈفالٹ ترتیب کو اوور رائڈ کرے گی۔ | 05:28 |
| اسی جگہ Where this block appears سیکشن ظاہر ہوتا ہے۔ اس Region میں Content اور Weight میں (minus ten) 10- کا انتخاب کریں۔ | 05:40 |
| نوٹ کریں کہ بلاک کی قسم کے مطابق کنفگریشن سیٹنگس مختلف ہوں گی۔ | 05:53 |
| تبدیلیوں کو سیو کرنے کیلئے، Save Changes پر کلک کریں اور ڈیش بورڈ پر واپس جائیں۔ | ۔06:01 |
| مشاہدہ کریں کہ Things to do کے ساتھ HTML block اب ظاہر ہوتا ہے۔ اور یہ content کے خطے میں سب سے اہم بلاک ہے۔ | 06:07 |
| ہم Move کے آئیکن کا استعمال کر کے ڈریگ یا کھینچ کر بلاک کی پوزیشن تبدیل کر سکتے ہیں۔ | 06:18 |
| ڈریگ اور ڈراپ سے، ہم Course Overview block کے نیچے Things to do block منتقل کرتے ہیں | 06:25 |
| اب ہم دیکھتے ہیں کہ اس سے کنفگریشن کو کس طرح تبدیل کیا جاتا ہے جسے ہم نے چند منٹ پہلے طے کیا تھا۔ | 06:34 |
| گیئر آئیکن پر اور پھر Configure Things to do block پر کلک کریں۔<br>پھر Expand All پر کلک کریں۔ | 06:40 |
| “On this page” سیکشن دیکھنے کے لئے نیچے سکرول کریں۔ weight، 2- میں تبدیل ہو گیا ہے۔<br>ڈفالٹ weight اب بھی پہلے جیسا ہی ہے۔ | 06:49 |
| ڈیش بورڈ پر واپس جانے کیلئے Cancel پر کلک کریں۔ | 07:03 |
| ہمیں اس Learning Plans block کی ضرورت نہیں ہے۔ تو اسے حذف کریں۔ گیئر آئیکون پر کلک کریں اور پھر Delete Learning plans block پر۔ | 07:07 |

| | |
|---|---|
| ایک Confirm پاپ اپ ونڈو نمودار ہوتی ہے اور ہمیں اس حذف کرنے کو یقینی بنانے کا اشارہ کرتی ہے۔<br>Yes کے بٹن پر کلک کریں۔ | 07:19۔ |
| نوٹ کریں کہ Learning Plans block اب دستیاب نہیں ہے۔اگر ضرورت ہو تو، ہم ہمیشہ بعد میں اس بلاک کو شامل کر سکتے ہیں | 07:29۔ |
| اب اپنی موڈل انسٹالیشن کے front page کو کسٹمائز کریں۔ | 07:40 |
| بائیں مینو میں Site Administration کے لنک پر کلک کریں۔ | 07:46 |
| Front page سیکشن میں Front Page settings میں جانے کیلئے نیچے سکرول کریں۔اس پر کلک کریں۔ | 07:51 |
| Full Site Name میں Digital India Learning Management System تبدیل کریں۔ | 08:00 |
| یہ وہ ٹیکسٹ ہے جو breadcrumbs کے اوپر ہر پیج میں سب سے اوپر ظاہر ہوتا ہے۔ | 08:08 |
| Short name وہ ٹیکسٹ ہے جو پیج کے عنوان پر ظاہر ہوتا ہے۔ | 08: 15 |
| نوٹ کریں کہ اس پیج کا عنوان Digital India LMS ہے،اس کے بعد ہم جس پیج میں ہیں اس کا نام ہے۔ | 08:20 |
| اگر ہم logo کی تصویر فراہم نہیں کرتے ہیں تو Short name کو logo ٹیکسٹ کے بطور بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ہم اسے جیسا ہے ویسا ہی چھوڑ دیں گے۔ | 08:29 |
| Front page کے آئٹموں کو دیکھنے کے لئے ڈراپ ڈاؤن میں نیچے سکرول کریں۔یہ آئٹمز کی ایک فہرست ہے جو اگلے پیج پر ظاہر کی جاسکتی ہے۔ | 08:40 |
| تمام زائرین، چاہے وہ لاگ ان ہوں یا نہ ہوں، وہ ان اشیاء کو دیکھ سکتے ہیں۔ | 08:50۔ |
| آرڈر کا تعین مرکب خانہ کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ہم اسے اسی طرح چھوڑ دیں گے۔ | 08:57 |
| لہذا تمام یوزرس، کورسز (اگر دستیاب ہوں) کی فہرست دیکھ سکیں گے اور کچھ نہیں دیکھ پائیں گے۔ | 09:05۔ |
| اگلا Front page items when logged in ہے۔یہ آئٹمز کی ایک فہرست ہے جو لاگ ان یوزرس کیلئے ظاہر کی جاسکتی ہے۔ | 09:13۔ |
| پہلے ڈراپ ڈاؤن میں، Enrolled courses کا انتخاب کریں۔ | 09:24 |
| ہم باقی آپشنز کو ان کی ڈفالٹ ویلیوز کے ساتھ چھوڑ دیں گے۔ | 09:29۔ |
| نیچے سکرول کریں اور Save Changes پر کلک کریں۔ | 09:35 |
| مختصر میں.. | 09:40 |

| | |
|---|---|
| 09:43۔ | اس ٹیوٹوریل میں، ہم نے "Things to do" نامی HTML block شامل کرنا اوراس کی وضاحت کی ہے کہ یہ پیج پر کہاں ظاہر ہونا چاہئے۔ |
| 09:54۔ | ہم نے یوزرس میں guests اور لاگ ان ہوئے یوزرس کے لئے frontpage بھی مرتب کیا ہے۔ |
| 10:00 | یہاں آپ کے لئے ایک مشق ہے: Private files block کو حذف کریں، کوڈ فائلوں کے لنک میں دی گئی ہدایات کا استعمال کرتے ہوئے ایک نیا HTML بلاک شامل کریں۔ |
| 10: 14 | مندرجہ ذیل لنک پر موجود ویڈیو میں اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ کرتا ہے۔ اسے ڈاؤن لوڈ کر کے دیکھیں۔ |
| 10: 23 | سپوکن ٹیوٹوریل ٹیم ورکشاپس کا انعقاد کرتی ہے اور اسناد دیتی ہے۔ مزید معلومات کے لئے، ہمیں لکھیں۔ |
| 10.33۔ | اس فورم میں وقت کے حوالہ کے ساتھ اپنے سوالات پوسٹ کریں۔ |
| 10:37۔ | سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کو NMEICT ، MHRD، حکومت ہند کی مالی معاونت حاصل ہے۔ اس مشن کے بارے میں مزید معلومات دکھائی گئی لنک پر دستیاب ہے۔ |
| 10:51 | اس اسکرپٹ کا ترجمہ اور صدابندی وجاحت احمد نے کی ہے۔ ہمارے ساتھ شامل ہونے کے لئے آپ کا شکریہ۔ |